© rasailojaraid.com


اس تفسیر کا انداز بڑا عالمانہ ہے اس لیے صرف اہل علم ہی اس سے کما حقہٗ استفادہ کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مولانا محترم کو اس عظیم کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔

کتاب کا معیار طباعت اور کتابت عمدہ ہے قیمت درج نہیں۔

---

مسلمانوں کے سیاسی افکار تالیف: پروفیسر رشید احمد صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ ثقافت اسلامیہ کلب روڈ، لاہور۔ صفحات ۴۳۲۔ قیمت ۵ روپے ۵۰ پیسے

اس کتاب میں حکمائے اسلام یعنی فارابی، ماوردی، نظام الملک طوسی، غزالی، ابن الطقطقی، ابن تیمیہ، ابن خلدون، شاہ ولی اللہ، سر سید احمد خاں، جمال الدین افغانی اور علامہ اقبال کے سیاسی افکار کو قلمبند کیا گیا ہے۔ آغاز میں فاضل مصنّف نے قرآنی نظریۂ مملکت کے عنوان سے ایک مبسوط باب لکھا ہے۔ یہ کتاب مصنّف کے گہرے مطالعہ کا نچوڑ ہے۔ حکمائے اسلام کے سیاسی نظریات کو جاننے کے لیے یہ کتاب بڑی مفید ہے اور مزید تحقیق و مطالعہ کے لیے اس سے قابلِ قدر رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

---

امیر حزب اللہ تالیف: جناب ڈاکٹر عبدالغنی صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ پروفیسر گورنمنٹ کالج، جہلم۔ شائع کردہ: ادارہ حزب اللہ، جلالپور شریف ضلع جہلم۔ قیمت اعلیٰ ۱۵/- قسم ادنیٰ ۱۲/- روپے۔ صفحات ۸۵۰۔

زیر تبصرہ کتاب جناب سید فضل شاہ صاحب، سجادہ نشین جلالپور ضلع جہلم کے حالات زندگی، تعلیمات، کشف و کرامات و سیرت و کردار کا دلاویز مرقع ہے۔ فاضل مصنف نے اس کتاب کی تسوید و تدوین میں بڑی عرق ریزی اور محنت کا ثبوت دیا ہے اور شاہ صاحب کی زندگی کے بعض ایسے پہلوؤں کی نقاب کشائی کی ہے جو بڑے دلچسپ اور سبق آموز ہیں۔ ہم یہاں صرف اس کا ایک اقتباس نقل کرتے ہیں:-

© rasailojaraid.com